از ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری)/ڈسٹرکٹ کنٹرولر امتحانات (PEC)،
رحیم یارخان

بطرف: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مردانہ وزنانہ (ایلیمنٹری) ضلع رحیم یارخان
ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مردانہ وزنانہ (ایلیمنٹری) ضلع رحیم یارخان
جُملہ چیئرمین تحصیل امتحانی کنٹرول سنٹرز ضلع رحیم یارخان
جُملہ کلسٹر ہیڈز وریذیڈنٹ انسپکٹرز امتحانی سنٹرز ضلع رحیم یارخان
جُملہ سُپرنٹنڈنٹ امتحانی سنٹرز PEC امتحانات ضلع رحیم یارخان

نمبر: 885 مورخہ 1-2-2020

عنوان: ضروری ہدایات برائے PEC امتحانات سال 2020

اندریں عنوان بالا تحریر ہے کہ PEC امتحانات کے انعقاد کے سلسلہ میں مندرجہ ذیل ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا۔

1۔ دفتر CEO(DEA) رحیم یارخان میں ڈسٹرکٹ ایگزامینشن سیل تشکیل دے دیا گیا ہے جہاں پر امتحانات کے متعلق کسی قسم کی کمپلینٹ کا سدباب کیا جائے گا۔ کمپلینٹ کے لئے مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

0300-8778950 , 0301-3369042 , 0307-3686005 , 068-9230044

2۔ رول نمبر سلپس تمام طلباء تک مورخہ 01-02-2020 تک ہر صورت پہنچا دی جائیں گی۔ تمام کلسٹر ہیڈز اپنے متعلقہ چیئرمین تحصیل امتحانی سنٹرز میں سلپس چالت کے متعلق سرٹیفیکیٹ جمع کروائیں گے۔

3۔ نگران عملے کی ٹریننگ وحاضری ان سے متعلقہ امتحانی سنٹرز میں 01-02-2020 کو مکمل کروادی جائے گی۔

4۔ سوالیہ پرچہ جات کی ضلع ہیڈکوارٹر سے تحصیل ہیڈکوارٹر تک ترسیل کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسرز (M/F) کے ذمہ ہوگی۔ جو بذات خود سوالیہ پرچہ جات وصول کر کے تحصیل ہیڈکوارٹر پر پہنچائیں گے۔ کوئی اتھارٹی لیٹر تسلیم نہ کیا جائے گا۔

5۔ تحصیل ہیڈکوارٹر سے سوالیہ پرچہ جات چالت کرتے وقت رجسٹر پر وقت درج کیا جائے گا اور جوابی کاپیاں وصول کرتے وقت خاص طور پر وقت کا اندراج کیا جائے گا۔

www.786Times.com

6۔ دوران امتحانات امتحانی سنٹرز میں نگران عملہ کے ہر قسم کے کھانے پینے/Entertainment پر پابندی ہوگی۔ خلاف ورزی کی صورت میں ریذیڈنٹ انسپکٹرز ذمہ دار ہونگے۔

7۔ امتحانات کی مانیٹرنگ کے لئے موبائل انسپکٹرز کا پروگرام متعلقہ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (مردانہ) متعلقہ تحصیل کوآرڈینیٹر کے

Scanned by CamScanner

ساتھ مل کر وضع کریں گے اور ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (زنانہ) اس کام میں ان کی معاونت کریں گی۔ جس میں AEOs کو امتحانی سنٹرز پر پرچہ کے شروع ہونے سے پیکنگ تک اور کلسٹر سنٹرز روانہ ہونے تک پابند کیا جائیگا۔ مردانہ سنٹرز پر Male اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز اور Female سنٹرز پر Female اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسرز کو تعینات کیا جائے گا۔ عملہ شارٹ ہونے کی صورت میں متعلقہ تحصیل میں موجود SS اور SSS کی خدمات بھی لی جا سکیں گی۔

8۔ تمام امتحانی سنٹرز اور کلسٹر سنٹرز جہاں پر CCTV کیمرہ جات نصب ہیں۔ انچارج صاحبان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دوران امتحانات تمام CCTV کیمرہ جات خاص طور پر داخلی گیٹ پر فنکشنل حالت میں ہوں اور امتحانات کے آخر تک ان کی CCTV Photage سنبھال کر رکھی جائے گی۔ اور ضرورت پڑنے پر CCTV Photage مہیا کرنے کے پابند ہونگے۔

9۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مردانہ تمام کلسٹرز سے CCTV فوٹیج کو اکٹھا کر کے USB میں امتحانی سیل واقع دفتر CEO(DEA) رحیم یار خان کو مہیا کریں گے۔

10۔ تمام پیپرز کی جوابی کاپیاں روزانہ کی بنیاد پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مردانہ وزنانہ مارکنگ سنٹرز پر شفٹ کریں گے۔

11۔ دفعہ 144 کے نفاذ کے بینرز تمام امتحانی سنٹرز کے داخلی گیٹ پر آویزاں کئے جائیں گے۔

12۔ امتحانی سنٹرز میں موبائل فون کے استعمال پر سختی سے پابندی ہوگی۔ تمام عملہ اپنے موبائل فون ریذیڈنٹ انسپکٹرز کے پاس جمع کروائیں گے۔ صرف ریذیڈنٹ انسپکٹرز کا موبائل فون آن ہوگا۔

تمام موبائل انسپکٹرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دوران انسپکشن وزٹ پلان ترتیب دیں اور اپنی وزٹ رپورٹس متعلقہ چیئرمین تحصیل امتحانی کنٹرول سنٹرز پر امتحانات کے اختتام پر جمع کروائیں۔ سوالیہ پرچہ جات امتحانی سنٹرز میں آنے اور جوابی کاپیاں امتحانی سنٹرز سے روانہ ہونے کا وقت اپنے پاس لازمی نوٹ فرمائیں۔ درج بالا ہدایات کے عمل درآمد کو 100% یقینی بنایا جائے۔

ڈسٹرکٹ کنٹرولر امتحانات (PEC)/
ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری)
رحیم یار خان
1/2/2020

Scanned by CamScanner